PC-10171/NK

Q-5/2111

MODERN POETRY (GHAZAL)–P-I : URDM 1101T

(Semester–I)

(Regular)

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 75

نوٹ: سیکشن A اور B میں سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ سیکشن C کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

Section - A

11+11=22

(۱) سیاق وسباق کا حوالہ دے کر تشریح کریں۔

کیا عشق ایک زندگیٔ مستعار کا   کیا عشق پائیدار سے ناپائیدار کا
وہ عشق جس کی شمع بجھا دے اجل کی پھونک   اس میں مزا نہیں تپش و انتظار کا
میری بساط کیا ہے؟ تب وتاب یک نفس   شعلہ سی بے کسی ہے الجھنا شرار کا
کر پہلے مجھ کو زندگیٔ جاوداں عطا   پھر ذوق وشوق دیکھ دل بے قرار کا
کانٹا وہ دے کہ جس کی کھٹک لازوال ہو
یارب وہ درد جس کی کسک لازوال ہو

(۲) وہی میری کم نصیبی وہی تیری بے نیازی   میرے کام کچھ نہ آیا یہ کمال نے نوازی
میں کہاں ہوں تو کہاں ہے، یہ مکاں کہ لامکاں ہے   یہ جہاں مرا جہاں ہے کہ تیری کرشمہ سازی
اسی کشمش میں گزریں مری زندگی کی راتیں   کبھی سوز وساز رومی کبھی پیچ وتاب رازی
وہ فریب خوردہ شاہیں کہ پلا ہو کرگسوں میں   اسے کیا خبر کہ کیا ہے راہ ورسم شاہبازی
نہیں فقر و سلطنت میں کوئی امتیاز ایسا   یہ سپاہ کی تیغ بازی وہ نگاہ کی تیغ بازی
کوئی کارواں سے ٹوٹا کوئی بدگماں حرم سے   کہ امیر کارواں میں نہیں خوئے دل نوازی

(۳) بال جبریل کے حوالے سے کلام اقبال کی خصوصیات کا جائزہ لیں۔

(۴) اقبال کی حیات وشخصیت کا جائزہ لیتے ہوئے اس کے کلام کے مجموعی مقاصد بیان کریں۔

11+12= 23

Section- B

نوٹ: سیاق وسباق کا حوالہ دیتے ہوئے اشعار کی تشریح کریں۔

(ا) حسین دل متبسم نگاہ پیدا کر — پھر اک لطیف سی خاموش آہ پیدا کر
جسے ہوائے زمانہ کبھی بجھا نہ سکے — قدم قدم پہ وہ اک شمع راہ پیدا کر
خلوص عشق و یقین حیات کے ہمراہ — جنون شوق و فسون نگاہ پیدا کر
رگوں میں بھر کے فروغ جمال الااللہ — نظر میں شعلگی لا الہ پیدا کر
یہی زمیں ترا مسکن یہی ترا مدفن — اسی زمین سے تو مہر و ماہ پیدا کر

(۲) کیوں کر رہے نہ حسنِ حقیقت نگر سے دور — انساں کہ آج تک ہے خود اپنی نظر سے دور
دیکھے تو کوئی عشق کی یہ سادہ لوحیاں — ہنگامہ چاہتا ہے تری رہگذر سے دور
گمراہیوں میں مجھ کو ملی ہیں وہ لذتیں — بچ بچ کے چل رہا ہوں ہر اک رہگذر سے دور
جب تک نگاہ و فکر نہ ہو تیری معتبر — تو مجھ سے مل، مگر مری شام و سحر سے دور

(۳) غزلیات جگر میں عشق اور معاملات عشق کا بیان کن الفاظ میں ملتا ہے؟ اشعار کی مثال دے کر واضح کریں

(۴) جگر کی سیرت و کردار اور افکار پر سیر حاصل مضمون لکھیں۔

Section - C

15x2=30

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں۔

۱۔ اقبال کی نظم ' ہندی مسلمان' کس مجموعے میں شامل ہے؟

۲۔ نشاطِ روح کس کا غزلیات کا مجموعہ ہے؟

۳۔ اقبال نے کن ملکوں کا سفر کیا اور کس مقصد سے کیا؟

۴۔ اقبال کے اردو شعری مجموعے کون سے ہیں؟

۵۔ جگر کے استاد اور پیرِ طریقت کے نام لکھیں۔

۶۔ جگر کی سیاسی شاعری پر نوٹ لکھیں۔

۷۔ شعر مکمل کریں:

اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

۸۔ جگر کے شعری مجموعوں کے نام لکھیں۔

۹۔ جگر نے اپنے خطوط میں اپنی عادات وخصائل کے متعلق کیا تفصیل لکھی ہے؟

۱۰۔عام طور پر غزل کے کیا موضوعات ہوتے ہیں اور فی زمانہ ان میں کیا تبدیلی آئی ہے؟

۱۱۔روحِ اقبال کے مصنف کون ہیں؟

۱۲۔غزل کے بہترین شعر کو کیا کہتے ہیں؟

۱۳۔ جگر کی وفات کب اور کیسے ہوئی ؟

۱۴۔اردو غزل کی ابتدا کیسے ہوئی ؟

۱۵۔غزل کے لغوی معنی کیا ہیں؟